اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا
کیا نہیں جگہ دی ہم نے اُنہیں حرم میں جو امن والی ہے

يُّجْبٰۤى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَیْءٍ
کہ کھنچے چلے آتے ہیں اُس کی طرف پھل ہر قسم کے

رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ
بطورِ رزق ہماری طرف سے لیکن

اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٧﴾
ان میں سے بہت سے لوگ نہیں جانتے ﴿٥٧﴾

وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۭ
اور کتنی ہی ہلاک کر چکے ہیں ہم، بستیاں

بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ
کہ جو اِترا گئی تھیں اپنی معیشت پر سو یہ رہے

مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ
اُن کے مسکن، جو نہ آباد ہوئے ان کے بعد

اِلَّا قَلِيْلًا ؕ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٥٨﴾
مگر بہت کم، اور ہو کر رہے (بالآخر) ہم ہی اُن کے وارث ﴿٥٨﴾

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى
اور نہیں ہے تیرا رب ہلاک کرنے والا بستیوں کو

حَتّٰى يَبْعَثَ فِیْۤ اُمِّهَا رَسُوْلًا
جب تک کہ نہ بھیج لے ان کے مرکز میں کوئی رسول

يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ
جو پڑھ کر سنائے انہیں ہماری آیات

وَمَا كُنَّا مُهْلِكِی الْقُرٰۤى
اور نہیں ہیں ہم ہلاک کرنے والے بستیوں کو

اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿٥٩﴾
مگر اس صورت میں کہ اُن کے رہنے والے ظالم ہوں ﴿٥٩﴾

وَمَاۤ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَمَتَاعُ
اور جو بھی دی گئی ہے تم کو کوئی چیز سو وہ سازو سامان ہے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ
دنیاوی زندگی کا اور اُس کی زینت ہے

وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ
اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کہیں بہتر ہے

وَّاَبْقٰى ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٠﴾ ع ٦
اور باقی رہنے والا ہے ۔ کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ ﴿٦٠﴾

اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا
بھلا وہ شخص جس سے وعدہ کیا ہو ہم نے اچھا وعدہ

فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ
اور وہ اُسے پانے والا ہو اس شخص کی مانند ہو سکتا ہے

مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
جسے دیا ہو ہم نے سازوسامان دُنیاوی زندگی کا

ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿٦١﴾
پھر وہ روزِ قیامت اُن میں ہو جو (سزا کے لیے) حاضر کیے جائیں گے ﴿٦١﴾

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ
اور جس دن پکارے گا وہ اُن کو اور پُوچھے گا کہاں ہیں

شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٦٢﴾
میرے وہ شرکا جن کا دعویٰ رکھتے تھے تم؟ ﴿٦٢﴾

قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ
کہیں گے وہ لوگ جن پر لاگو ہو چکا ہو گا (عذاب کا) فرمان

رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ
اے ہمارے مالک! یہ ہیں وہ لوگ جن کو گمراہ کیا تھا ہم نے

اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ
گمراہ کیا تھا ہم نے انھیں جس طرح ہم خود گمراہ ہوئے تھے

تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۫
بیزاری کا اظہار کرتے ہیں ہم (ان سے) آپ کے حضور

مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿٦٣﴾
یہ لوگ ہماری عبادت نہیں کرتے تھے ﴿٦٣﴾

وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ
اور کہا جائے گا کہ پکارو اُن کو جنھیں شریک ٹھہراتے تھے تم (اللہ کا)

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ
سو وہ اُنھیں پکاریں گے تو نہیں دیں گے وہ جواب ان کو

وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ
اور دیکھ لیں گے عذاب

لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿٦٤﴾
(اور تمنا کریں گے) کاش! ہم ہوتے ہدایت یافتہ ﴿٦٤﴾

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ
اور جس دن پکارے گا وہ اُنھیں اور پُوچھے گا

مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦٥﴾
کیا جواب دیا تھا تم نے رسُولوں کو؟ ﴿٦٥﴾

فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ
اُنھیں کوئی جواب نہ سُوجھے گا اس دن

فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿٦٦﴾
اور وہ ایک دوسرے سے پوچھ بھی نہ سکیں گے ﴿٦٦﴾

فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا
البتہ جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور کیے نیک اعمال

فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿۶۷﴾	تو توقع ہے کہ ہو وہ فلاح پانے والوں میں سے ﴿۶۷﴾
وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ	اور تیرا رب پیدا کرتا ہے جو چاہے
وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ	اور منتخب کر لیتا ہے (جسے چاہے)، نہیں ہے اُن کے پاس
الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى	کوئی اختیار ۔ پاک ہے اللہ اور بلند و برتر
عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾	اس شرک سے جو یہ کرتے ہیں ﴿۶۸﴾
وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ	اور تمہارا رب خُوب جانتا ہے اُسے جو چھپائے ہُوئے ہیں
صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۶۹﴾	ان کے سینے اور وہ بھی جو یہ ظاہر کرتے ہیں ﴿۶۹﴾
وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ	اور وہی اللہ ہے ، نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے ۔
لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ز	اسی کے لیے ہے حمد دُنیا میں بھی اور آخرت میں بھی ۔
وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۷۰﴾	اور اسی کی ہے فرمانروائی اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے ﴿۷۰﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ	ان سے کہیے کیا تم نے غور کیا کہ اگر کر دیتا اللہ تم پر
الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	رات کو ہمیشہ رہنے والا قیامت تک کے لیے
مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ	تو کون ایسا معبود ہے اللہ کے سوا جو لا دیتا تم کو روشنی ،
اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿۷۱﴾	کیا تم سُنتے نہیں ؟ ﴿۷۱﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ	ان سے کہیے کیا تم نے غور کیا اگر کر دیتا اللہ
عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	تم پر دن کو ہمیشہ رہنے والا ، قیامت تک کے لیے
مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ	تو کون ایسا معبود ہے اللہ کے سوا جو لا دیتا تم کو
بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ	رات جس میں تم سکون حاصل کرتے ہو ۔
اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۷۲﴾	تو کیا تم کو سوجھتا نہیں ؟ ﴿۷۲﴾

وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ
اور یہ بھی اُس کی رحمت ہے کہ بنائے اس نے

لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا
تمہارے لیے رات اور دن تاکہ تم سکون حاصل کرو

فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ
رات میں اور تاکہ تم تلاش کرو اس کا فضل (دن میں)

وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝٧٣
اور تاکہ تم (اس کے) شکر گزار بنو ۝٧٣

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ
اور جس دن پکارے گا وہ اُنہیں پھر پوچھے گا کہاں ہیں

شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝٧٤
میرے وہ شرکا جن کا تمہیں دعویٰ تھا ۝٧٤

وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا
اور نکال لائیں گے ہم ہر اُمت میں سے ایک گواہ

فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا
پھر کہیں گے لاؤ اپنی دلیل تو وہ جان لیں گے

اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ
کہ سچی بات اللہ ہی کی تھی اور گم ہو جائیں گے ان سے

مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝٧٥ ع ۱۵
وہ تمام جھوٹ جو اُنہوں نے گھڑ رکھے تھے ۝٧٥

اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى
واقعہ یہ ہے کہ قارون تھا قوم موسیٰؑ میں سے

فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۖ وَاٰتَيْنٰهُ
سو سرکشی کی اُس نے اُن کے خلاف اور دے رکھے تھے ہم نے اُسے

مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ
خزانے اتنے کہ اُن کی کنجیاں اُٹھانا مشکل تھا

بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ
ایک طاقتور جماعت کے لیے بھی، ایک دفعہ کہا

لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ
اُس سے اُس کی قوم نے کہ نہ اترا، بے شک اللہ

لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ۝٧٦
نہیں پسند کرتا اترانے والوں کو ۝٧٦

وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ
اور طلب کر اس میں سے جو دے رکھا ہے تجھے اللہ نے،

الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ
گھر آخرت کا اور نہ فراموش کر اپنا حصّہ

مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ
دُنیا میں سے اور بھلائی کر جیسے بھلائی کی ہے اللہ نے

اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ؕ	تیرے ساتھ اور نہ کوشش کر فساد مچانے کی زمین میں۔
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٧٧﴾	بے شک اللہ نہیں پسند کرتا فساد مچانے والوں کو ﴿٧٧﴾
قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ	اس نے کہا: حقیقت یہ ہے کہ دیا گیا ہے یہ سب کچھ مجھے
عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ	اس علم کی بنا پر جو مجھے حاصل ہے ۔ کیا نہیں جانتا وہ
اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ	کہ اللہ یقیناً ہلاک کر چکا ہے اس سے پہلے
مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً	بہت سی قوموں کو جن کے لوگ کہیں زیادہ تھے اس سے قوت میں
وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا يُسْـَٔلُ	اور بہت زیادہ تھے جمعیت کے لحاظ سے، اور نہیں پوچھا جاتا
عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٧٨﴾	(بوقتِ ہلاکت) ان کے گناہوں کے بارے میں مجرموں سے ﴿٧٨﴾
فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ	پھر (ایک دن) نکلا وہ اپنی قوم کے سامنے بڑے ٹھاٹھ سے۔
قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	تو کہنے لگے وہ لوگ جو طالب تھے دُنیاوی زندگی کے
يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ	کاش! ہمیں بھی حاصل ہوتا جیسا کچھ دیا گیا ہے
قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿٧٩﴾	قارون کو، یقیناً وہ بڑے نصیبے والا ہے ﴿٧٩﴾
وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ	اور کہنے لگے وہ لوگ جنہیں دیا گیا تھا علم،
وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ	افسوس ہے تم پر، اللہ کا ثواب کہیں بہتر ہے
لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ	اس شخص کے لیے جو ایمان لائے اور کرے نیک عمل
وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿٨٠﴾	اور نہیں ملتی یہ نعمت مگر صبر کرنے والوں کو ﴿٨٠﴾
فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ	آخر کار دھنسا دیا ہم نے اُسے بھی اور اس کے گھر کو بھی
الْاَرْضَ ۫ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ	زمین میں۔ پھر نہ تھی اس کے لیے کوئی جماعت
يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۗ	جو مدد کرتی اس کی اللہ کے سوا،

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿٨١﴾	اور نہ ہو سکا وہ خود بھی اپنی مدد آپ کرنے والوں میں سے ﴿٨١﴾
وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ	اور پھر صبح کے وقت، وہ لوگ جو تمنا کر رہے تھے اس کے مرتبہ کی
بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ	کل تک، کہنے لگے: افسوس (ہم بھول گئے تھے) کہ اللہ
يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ	کشادہ کرتا ہے رزق جس کے لیے چاہے
مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ	اپنے بندوں میں سے اور نپا تلا دیتا ہے (جسے چاہے)
لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ	اور اگر نہ کیا ہوتا احسان اللہ نے ہم پر تو دھنسا دیتا
بِنَا ؕ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٢﴾ ع	ہم کو بھی۔ افسوس (ہم بھول گئے) کہ نہیں فلاح پایا کرتے کافر ﴿٨٢﴾
تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا	وہ آخرت کا گھر خاص کر دیں گے ہم
لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا	ان لوگوں کے لیے جو نہیں چاہتے ہیں بڑا بننا
فِى الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ؕ	زمین میں اور نہ مچاتے ہیں فساد ۔
وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿٨٣﴾	اور انجام کی بھلائی متقیوں ہی کے لیے ہے ﴿٨٣﴾
مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ	جو شخص لے کر آئے گا کوئی بھلائی اس کے لیے ہے
خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ	(صلہ) اس سے بہتر اور جو لے کر آئے گا برائی
فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ	سو نہیں ملے گا بدلہ ان لوگوں کو جنہوں نے کیے ہیں برے کام
اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾	مگر ویسا ہی جیسا وہ کرتے رہے ﴿٨٤﴾
اِنَّ الَّذِىْ فَرَضَ عَلَيْكَ	یقیناً وہ ذات جس نے ذمہ داری ڈالی ہے تم پر
الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ	اس قرآن کی، ضرور پہنچانے والا ہے تمہیں ایک بہترین انجام تک۔
قُلْ رَّبِّىْٓ اَعْلَمُ	ان سے کہہ دو، میرا رب ہی خوب جانتا ہے
مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى	کہ کون لے کر آیا ہے ہدایت

وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۸۵﴾	اور کون ہے جو مُبتلا ہے کُھلی گمراہی میں ﴿۸۵﴾
وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا	اور نہ تھے تم اُمیدوار
اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ	اس بات کے کہ نازل کیا جائے گا تم پر
الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً	قرآن ـــ مگر یہ تو رحمت ہے
مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ	تمہارے رب کی ـــ سو ہرگز نہ بننا تم
ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾	مددگار کافروں کے ﴿۸۶﴾
وَلَا يَصُدُّنَّكَ	اور نہ روکنے پائیں تم کو (کافر)
عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ	اللہ کے احکام سے اس کے بعد کہ
اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ	وہ نازل ہو چکے ہیں تمہاری طرف
وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ	اور دعوت دیتے رہو اپنے رب کی طرف
وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۸۷﴾	اور ہرگز نہ ہو جانا تم مشرکوں میں سے ﴿۸۷﴾
وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ	اور نہ پکارو تم اللہ کے ساتھ
اِلٰهًا اٰخَرَ م (وقف لازم)	کوئی معبود دُوسرا ۔
لَآ اِلٰهَ	نہیں ہے کوئی معبود
اِلَّا هُوَ قف كُلُّ شَيْءٍ	سوائے اس کے ۔ ہر چیز
هَالِكٌ اِلَّا	ہلاک ہونے والی ہے سوائے
وَجْهَهٗ ط لَهُ	اس کی ذات کے ۔ اسی کے لیے ہے
الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ	فرمانروائی اور اسی کی طرف
تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸﴾ ع (الثلثة ع ۹ ۱۲)	تم لوٹائے جاؤ گے ﴿۸۸﴾

اٰيَاتُهَا ۶۹ (۲۹) سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ (۸۵) رُكُوْعَاتُهَا ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

الٓمّٓ ۝۱ — الف ۔لام ۔میم ۝۱

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا — کیا سمجھ رکھا ہے انسانوں نے یہ کہ وہ چھوڑ دیے جائیں گے

اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا — محض اتنا کہنے پر کہ ایمان لائے ہم (اللہ پر)

وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۝۲ — اور اُن کو آزمایا نہ جائے گا؟ ۝۲

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ — اور یقیناً آزمایا تھا ہم نے ان لوگوں کو جو

مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ — اُن سے پہلے تھے سو ضرور دیکھ کر رہے گا اللہ

الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝۳ — ان لوگوں کو جو سچے ہیں اور ضرور دیکھ کر رہے گا وہ جھوٹوں کو ۝۳

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ — کیا سمجھے بیٹھے ہیں وہ لوگ جو کر رہے ہیں

السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ — بُری حرکتیں (اسلام کے خلاف) کہ وہ بازی لے جائیں گے ہم سے،

سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝۴ — بہت ہی بری ہے وہ بات جو یہ سمجھے بیٹھے ہیں ۝۴

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ — جو شخص رکھتا ہے توقع اللہ سے ملنے کی

فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ — تو اُسے معلوم ہونا چاہیے کہ اللہ کا مقرر کیا ہُوا وقت ضرور آنے والا ہے۔

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۵ — اور وہ ہے ہر بات سُننے والا اور سب کچھ جاننے والا ۝۵

وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ — اور جو شخص محنت کرتا ہے سو وہ محنت کرتا ہے

لِنَفْسِهٖ ؕ — اپنے ہی بھلے کے لیے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ⑥
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ
وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ
الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑦
وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ
حُسْنًا ؕ وَاِنْ جَاهَدٰكَ
لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ
لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ
اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑧
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ⑨
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا
بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ
جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ
كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ
مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ
اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ اَوَلَيْسَ

یقیناً اللہ بے نیاز ہے سب جہان والوں سے ⑥
اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور کیے اُنہوں نے اچھے عمل
ہم ضرور دُور کر دیں گے اُن سے اُن کی بُرائیاں
اور ضرور جزا دیں گے ہم اُنہیں بہت بہتر
ان کے عملوں سے جو وہ کرتے رہے ⑦
اور ہدایت کی ہے ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ
نیک سلوک کی۔ لیکن اگر وہ زور ڈالیں تجھ پر
کہ شریک ٹھہرائے تو میرے ساتھ ایسے (معبودوں کو) کہ نہیں ہے
تجھے اُن کے بارے میں کوئی علم تو نہ اطاعت کر تو اُن کی،
میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے تم سب کو پھر میں تمہیں بتاؤں گا
کہ تم کیا کرتے رہے ہو؟ ⑧
اور جو لوگ ایمان لائے اور کیے اُنہوں نے اچھے عمل
ضرور شامل کریں گے ہم اُنہیں صالحین میں ⑨
اور انسانوں میں سے کچھ ایسے ہیں جو کہتے ہیں ایمان لائے ہم
اللہ پر پھر جب ستایا گیا اُنہیں اللہ کی راہ میں
تو سمجھنے لگتے ہیں وہ انسانوں کے ستانے کو
اللہ کے عذاب کی مانند اور اگر آ پہنچتی ہے نصرت
تمہارے رب کی طرف سے (مسلمانوں کو)، تو کہتے ہیں
کہ ہم تو تھے ہی تمہارے ساتھ۔ کیا نہیں ہے

اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا
اللہ پوری طرح باخبر ان باتوں سے جو

فِیْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِیْنَ ۝۱۰
ہیں دلوں میں سب دُنیا والوں کے ۝۱۰

وَ لَیَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
اور ضرور دیکھ کر رہے گا اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں

وَلَیَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ ۝۱۱
اور ضرور دیکھ کر رہے گا منافقین کو ۝۱۱

وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوا
اور کہتے ہیں یہ کافر ان لوگوں سے جو ایمان لائے

اتَّبِعُوْا سَبِیْلَنَا وَلْنَحْمِلْ
کہ پیروی کرو تم ہمارے طریقے کی اور ہم اُٹھالیں گے بوجھ

خَطٰیٰكُمْ ؕ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِیْنَ
تمہارے گناہوں کا، حالانکہ نہیں ہیں وہ اُٹھانے والے

مِنْ خَطٰیٰهُمْ مِّنْ شَیْءٍ ؕ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝۱۲
اُن کی خطاؤں میں سے کچھ بھی، وہ قطعاً جھوٹے ہیں ۝۱۲

وَلَیَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَ اَثْقَالًا
اور اس طرح ضرور اُٹھائیں گے وہ اپنے بوجھ، اور کچھ مزید بوجھ

مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ؗ وَ لَیُسْـَٔلُنَّ
اپنے بوجھوں کے ساتھ، اور ضرور باز پرس ہوگی اُن سے

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ۝۱۳ ع ۱۳
روزِ قیامت اُس جھوٹ کے بارے میں جو یہ گھڑتے رہے ۝۱۳

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ
اور واقعہ یہ ہے کہ بھیجا ہم نے نوحؑ کو اُن کی قوم کی طرف

فَلَبِثَ فِیْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِیْنَ عَامًا ؕ
سو رہے وہ ان میں پچاس کم ایک ہزار سال۔

فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝۱۴
سو آلیا اُنہیں طوفان نے اس حالت میں کہ وہ ظلم کر رہے تھے ۝۱۴

فَاَنْجَیْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِیْنَةِ
پس بچالیا ہم نے نوحؑ کو اور کشتی میں سوار لوگوں کو

وَجَعَلْنٰهَاۤ اٰیَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝۱۵
اور بنادیا ہم نے اُسے نشانِ عبرت جہان والوں کے لیے ۝۱۵

وَ اِبْرٰهِیْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ
اور بھیجا ہم نے ابراہیمؑ کو، تو اس وقت کہا اُس نے اپنی قوم سے

اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ
کہ بندگی کرو اللہ کی اور اسی سے ڈرو، یہ بہتر ہے

لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۱۶
تمہارے لیے اگر تم سمجھو ۝۱۶

إِنَّمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ
أَوْثَانًا وَّتَخْلُقُونَ إِفْكًا ۚ
إِنَّ الَّذِينَ تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ
لَا يَمْلِكُونَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوا
عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوهُ وَاشْكُرُوا
لَهٗ ۚ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿١٧﴾
وَإِنْ تُكَذِّبُوا فَقَدْ كَذَّبَ
أُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ۚ
وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ﴿١٨﴾
أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ
الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهٗ ۚ إِنَّ ذٰلِكَ
عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ ﴿١٩﴾
قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ
بَدَأَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ
النَّشْأَةَ الْاٰخِرَةَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٠﴾
يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَاءُ ۚ
وَإِلَيْهِ تُقْلَبُونَ ﴿٢١﴾
وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ

درحقیقت یہ جن کو تم پُوجتے ہو اللہ کے سوا،
وہ تو بُت ہیں اور گھڑ رہے ہو تم جھوٹ۔
بے شک وہ (معبود) جن کو تم پُوجتے ہو اللہ کے سوا،
نہیں اختیار رکھتے وہ تمہیں کوئی رزق دینے کا، سو طلب کرو
اللہ سے رزق اور اسی کی بندگی کرو اور شکر ادا کرو
اس کا۔ اُسی کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے ﴿١٧﴾
اور اگر جھٹلاتے ہو تم تو بے شک جھٹلایا تھا
بہت سی قوموں نے تم سے پہلے بھی۔
اور نہیں ہے رسول پر ذمہ داری مگر کھول کر پیغام پہنچا دینے کی ﴿١٨﴾
کیا نہیں دیکھا اُنہوں نے کبھی کہ کس طرح ابتدا کرتا ہے اللہ
خلق کی پھر اس کا اعادہ کرتا ہے؟ بلاشبہ یہ (اعادہ)
اللہ کے لیے بہت آسان ہے ﴿١٩﴾
ان سے کہو! چلو پھرو زمین میں پھر دیکھو کہ کس طرح
ابتدا کی ہے اس نے خلق کی پھر اللہ ہی عطا کرے گا
زندگی آخرت کی۔ بے شک اللہ
ہر چیز پر پُوری طرح قادر ہے ﴿٢٠﴾
سزا دے جسے چاہے اور رحم فرمائے جس پر چاہے،
اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿٢١﴾
اور نہیں ہو تم عاجز کرنے والے (اللہ کو) زمین میں

وَلَا فِي السَّمَاءِ ۖ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ	اور نہ آسمان میں اور نہیں ہے تمہارا اللہ کے سوا
مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ﴿۲۲﴾ ع ۲ ۱۴	کوئی دوست اور نہ (کوئی) مددگار ﴿۲۲﴾
وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ	اور جنہوں نے انکار کیا ہے اللہ کی آیات کا
وَلِقَائِهِ أُولَٰئِكَ	اور اس کے حضور پیش ہونے کا یہ وہ لوگ ہیں جو
يَئِسُوا مِنْ رَحْمَتِي	مایوس ہو چکے ہیں میری رحمت سے
وَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۲۳﴾	اور اُنہی کے لیے ہے دردناک عذاب ﴿۲۳﴾
فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَنْ قَالُوا	سو نہ تھا جواب اُن کی قوم کا مگر یہ کہ کہا اُنہوں نے
اقْتُلُوهُ أَوْ حَرِّقُوهُ فَأَنْجَاهُ اللَّهُ	قتل کردو ابراہیمؑ کو یا جلا دو اُسے۔ سو بچا لیا اُسے اللہ نے
مِنَ النَّارِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ	آگ سے۔ بے شک اس میں بہت سی نشانیاں ہیں
لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿۲۴﴾	ان لوگوں کے لیے جو ایمان لانے والے ہیں ﴿۲۴﴾
وَقَالَ إِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ	اور کہا ابراہیم نے: درحقیقت یہ جو بنا رکھے ہیں تم نے
مِنْ دُونِ اللَّهِ أَوْثَانًا ۙ مَوَدَّةَ	اللہ کے سوا بت (یہ تو ہیں) ذریعہ دوستی کا
بَيْنِكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ	تمہارے درمیان صرف دُنیاوی زندگی میں
ثُمَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ	پھر قیامت کے دن انکار کرے گا تم میں سے ہر ایک دوسرے کا
وَيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۚ وَمَأْوَاكُمُ	اور لعنت بھیجیں گے ایک دوسرے پر اور ٹھکانا ہوگا تمہارا
النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِنْ نَاصِرِينَ ﴿۲۵﴾	دوزخ اور نہ ہوگا تمہارا کوئی مددگار ﴿۲۵﴾
فَآمَنَ لَهُ لُوطٌ ۘ وَقَالَ إِنِّي (وقف لازم)	سو ایمان لائے اس پر صرف لوطؑ۔ اور اُنہوں نے کہا میں
مُهَاجِرٌ إِلَىٰ رَبِّي ۖ إِنَّهُ هُوَ	ہجرت کرتا ہوں اپنے رب کی طرف، بے شک وہی ہے
الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۲۶﴾	زبردست اور حکمت والا ﴿۲۶﴾

وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ
وَجَعَلْنَا فِىْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ
وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ فِى الدُّنْيَا ۚ
وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٢٧﴾
وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ
اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۫
مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٨﴾
اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ
وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ۬ وَتَاْتُوْنَ
فِىْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ فَمَا كَانَ
جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا
بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٢٩﴾
قَالَ رَبِّ انْصُرْنِىْ
عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٣٠﴾ ٤ ع ١٥
وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَاۤ اِبْرٰهِيْمَ
بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْۤا اِنَّا مُهْلِكُوْۤا
اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ
اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿٣١﴾
قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ؕ

اور عطا کیے ہم نے اُنہیں اسحٰقؑ اور یعقوبؑ
اور قائم رکھا ہم نے اس کی نسل میں سلسلۂ نبوت
اور کتاب کا اور عطا کیا ہم نے اُسے اُس کا اجر دُنیا میں ۔
اور یقیناً وہ آخرت میں ہوگا صالحین میں سے ﴿٢٧﴾
اور بھیجا ہم نے لوطؑ کو تو اس وقت کہا اُنھوں نے اپنی قوم سے
بلاشُبہ تم ارتکاب کرتے ہو ایسے فحش کام کا
کہ نہیں کیا تم سے پہلے ایسا کام کسی نے دُنیا والوں میں سے ﴿٢٨﴾
کیا تم جاتے ہو مردوں پر
اور راہزنی کرتے ہو اور ارتکاب کرتے ہو
اپنی مجلسوں میں بے حیائی کا ۔ سو نہ تھا
جواب اس کی قوم کا مگر یہ کہ وہ کہنے لگے : لے آؤ ہم پر
عذابِ الٰہی ، اگر ہو تم سچے ﴿٢٩﴾
لوطؑ نے کہا : اے میرے رب ! مدد فرما میری
مقابلہ میں ان مفسد لوگوں کے ﴿٣٠﴾
اور جب آئے ہمارے فرشتے ابراہیمؑ کے پاس
بشارت لے کر تو اُنھوں نے کہا یقیناً ہم ہلاک کرنے والے ہیں
اس بستی کے لوگوں کو ، بے شک
اس بستی کے لوگ ہیں ظالم ﴿٣١﴾
ابراہیمؑ نے کہا مگر وہاں تو لوطؑ بھی ہیں ۔

قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ۫ وقفة
لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا
امْرَاَتَهٗ ۗ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾
وَلَمَّاۤ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا
سِیْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا
وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۫ قف
اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا
امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۳﴾
اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰۤى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ
رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا
كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾
وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَاۤ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً
لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾
وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ
فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا
اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ
وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۳۶﴾
فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ
الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا

وہ کہنے لگے ہم خوب جانتے ہیں کہ کون ہے وہاں ؟
ہم ضرور بچالیں گے اُسے اور اس کے گھر والوں کو سوائے
اس کی بیوی کے ، جو ہے پیچھے رہ جانے والوں میں سے ﴿۳۲﴾
اور جب آئے ہمارے فرشتے لوطؑ کے پاس
تو پریشان ہوگئے وہ اُنہیں دیکھ کر اور دل تنگ ہوئے اُن کے باعث
اور کہا فرشتوں نے کہ نہ ڈرو اور نہ رنج کرو ۔
یقیناً ہم بچالیں گے تم کو اور تمہارے گھر والوں کو سوائے
تمہاری بیوی کے جو ہے پیچھے رہ جانے والوں میں سے ﴿۳۳﴾
یقیناً ہم نازل کرنے والے ہیں اس بستی والوں پر
عذاب آسمان سے کیونکہ
وہ بدکاریاں کیا کرتے تھے ﴿۳۴﴾
اور البتہ چھوڑدی ہے ہم نے اس میں سے ایک کھلی نشانی
ان لوگوں کے لیے جو عقل سے کام لیتے ہیں ﴿۳۵﴾
اور بھیجا ہم نے مدین کی طرف اُن کے بھائی شعیبؑ کو
سو کہا اُنہوں نے اے میری قوم ! عبادت کرو
اللہ کی اور اُمید وار رہو روزِ آخر کے
اور مت پھرو زمین میں فسادی بن کر ﴿۳۶﴾
سو اُنہوں نے جھٹلادیا اُسے پھر آپکڑا اُنہیں
ایک سخت زلزلے نے تو رہ گئے وہ

فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۳۷﴾	اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ﴿۳۷﴾
وَعَادًا وَّثَمُوْدَا۟	اور (ہلاک کیا) عاد کو اور ثمود کو
وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫	اور یقیناً آنکھوں کے سامنے ہیں تمہارے، ان کے مسکن۔
وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ	اور خوشنما بنا دیا تھا اُن کے لیے شیطان نے
اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ	ان کے (برے) اعمال کو اور روک دیا تھا اُنہیں
عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿۳۸﴾	راہِ راست سے حالانکہ تھے وہ خاصے ہوشیار ﴿۳۸﴾
وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ	اور (ہلاک کیا ہم نے) قارون کو، فرعون کو،
وَهَامٰنَ ۫ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ	اور ہامان کو۔ اور بلاشبہ لے کر آئے تھے ان کے پاس
مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ	موسیٰؑ کھلی نشانیاں
فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ	تو انہوں نے تکبر کیا زمین میں
وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿۳۹﴾	حالانکہ نہیں تھے وہ سبقت لے جانے والے (ہم سے) ﴿۳۹﴾
فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ	سو ان سب کو پکڑا ہم نے ان کے گناہوں کے سبب
فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا	سو ان میں سے کچھ ایسے ہیں کہ بھیجی ہم نے
عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ	اُن پر پتھراؤ کرنے والی ہوا، اور اُن میں سے
مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ	کچھ ایسے ہیں جنہیں آلیا ایک زبردست دھماکے نے۔
وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ	اور اُن میں سے کچھ ایسے ہیں کہ دھنسا دیا اُنہیں ہم نے
الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ	زمین میں اور اُن میں سے
مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ	کچھ ایسے ہیں جنہیں غرق کر دیا ہم نے، اور نہ تھا
اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ	اللہ کہ ظلم کرتا اُن پر بلکہ

كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٤٠﴾	وہ خود ہی اپنے اُوپر ظلم کر رہے تھے ﴿٤٠﴾
مَثَلُ الَّذِيْنَ	مثال ان لوگوں کی جنھوں نے
اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	بنا رکھا ہے اللہ کے سوا
اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ	دوسروں کو اپنا سرپرست، مکڑی کی سی ہے
اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ	جو بناتی ہے ایک گھر۔
وَاِنَّ اَوْهَنَ	اور بلاشُبہ سب سے کمزور
الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ (وقف لازم)	گھر، مکڑی کا گھر ہوتا ہے۔
لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾	کاش! یہ لوگ جانتے ہوتے ﴿٤١﴾
اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا	بے شک اللہ جانتا ہے اسے جسے
يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ	پکارتے ہیں یہ اس کے سوا
مِنْ شَيْءٍ ۭ وَهُوَ	کسی بھی چیز کو اور وہی ہے
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٤٢﴾	زبردست اور حکمت والا ﴿٤٢﴾
وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ	اور یہ مثالیں ہیں
نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ	جو بیان کرتے ہیں ہم انسانوں کے لیے
وَمَا يَعْقِلُهَآ	اور نہیں سمجھتے ان باتوں کو
اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿٤٣﴾	مگر اہلِ علم ﴿٤٣﴾
خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ	پیدا کیا ہے اللہ نے آسمانوں کو
وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ	اور زمین کو برحق۔ درحقیقت اس میں
لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٤﴾ ع	ایک نشانی ہے اہلِ ایمان کے لیے ﴿٤٤﴾